سوال

(668) مریض کی جب کئی نمازیں فوت ہوجائیں تو کس طرح قضاء دے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مریض کا اپریشن ہوا جس کی وجہ سے اس کی کئی نمازیں فوت ہوگئیں تو کیا شفایاب ہونے کے بعد وہ ان سب نمازوں کو اکٹھا پڑھ لے یا صبح کی نماز کو صبح کے ساتھ اور ظہر کی نماز کو ظہر کے ساتھ ادا کرے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ شخص فوت شدہ نمازوں کو ایک ہی وقت میں ادا کرسکتا ہے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی غزوہ خندق کے موقعہ پر جب نماز عصر فوت ہوگئی تو آپ نے اسے مغرب سے پہلے پڑھا تھا لہذا جب کسی انسان کی کچھ فرض نمازیں فوت ہوجائیں وہ ان سب کو اکٹھا پڑھے اور مزید موخر نہ کرے ۔ (شیخ ابن عثیمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

صفحہ نمبر 527

محدث فتویٰ